# ٹینڈر فارم (نیلام عام پرانی ای این ٹی عمارت)

**بولی دہندہ کی تفصیلات:**

| | | |
|---|---|---|
| نام: | ولدیت: | شناختی کارڈ نمبر: |
| فرم / کمپنی کا نام: | ایڈریس: | |
| این ٹی این نمبر: | انکم ٹیکس: (فائلر / نان فائلر) | رابطہ نمبر: |
| CDR نمبر: | تاریخ: | بینک نام: |

**نیلامی کی تفصیلات:**

| نمبر | عنوان | تفصیل |
|---|---|---|
| -1 | نیلامی | پرانی عمارت ناک دکان گلہ وارڈ کو گرانے اور ملبہ کی نیلامی جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر۔ |
| -2 | تاریخ اور وقت | 15 جنوری 2026 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے دن۔ مزید براں اسی **دن** 10:00 بجے کے بعد کوئی ٹینڈر فارم موصول نہیں کیا جائے گا۔ |
| -3 | نیلامی کی جگہ | کمیٹی روم، فرسٹ فلور ایم ایس آفس میو ہسپتال لاہور۔ |
| -4 | Net Reserve Cost Estimate | 27.181 ملین (روپے) یہ قیمت تمام ملبہ کی ٹوٹل قیمت میں سے عمارت کو مسمار کرنے، اس جگہ کو مکمل طور پر صاف کر کے حوالگی، ملحقہ عمارت اور وارڈز کو محفوظ اور فعال رکھنے، نیز بجلی، گیس، پانی، سیوریج اور سول ورک کے حوالے سے پیش آمدہ تمام اخراجات اور آخر میں ملحقہ عمارت اور وارڈز کو مکمل طور پر محفوظ، فعال اور قابلِ استعمال حالت میں حوالگی کیلیے پیش آمدہ تمام اخراجات اور قیمت نکالنے / منہا کے بعد فائنل نیٹ ریزرو قیمت کا تخمینہ ہے۔ |
| -5 | Scope of Work | **کامیاب بولی دہندہ 60 یوم کے اندر نیلامی کی جگہ کو مکمل طور پر صاف کر کے دینے، ملحقہ عمارت اور وارڈز کو محفوظ اور فعال رکھنے، بجلی، گیس، پانی، سیوریج اور سول ورک کے حوالے سے اور آخر میں ملحقہ عمارت اور وارڈز کو مکمل طور پر محفوظ، فعال اور قابلِ استعمال حالت میں دینے اور اس حوالے سے تمام سول و دیگر کام کرنے کا پابند ہو گا۔ اور اس حوالے سے نئی اشیاء خریدنے، میٹیریل، ریپئر مینٹننس، مزدوری اور دیگر اخراجات جتنے بھی ہوں گے وہ کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہو گا۔** |
| -6 | ٹینڈر فارم کی فیس | 10 ہزار روپے (المونز میو ہسپتال کی جاری کردہ اصل رسید ساتھ لف کریں) |
| -7 | بڈ سیکورٹی کی رقم | 05 لاکھ روپے (CDR کے علاوہ کوئی اور صورت یا Instrument قابلِ قبول نہ ہو گا)۔ |
| -8 | انکم ٹیکس رقم | **کامیاب دہندہ کو نیلامی کی کل رقم کا 10 فیصد (فائلر کی صورت میں) اور 20 فیصد (نان فائلر کی صورت میں) بطور انکم ٹیکس اضافی ادا کرنا ہو گا یا گورنمنٹ کا جو بھی مؤثر ریٹ ہو گا** |

**نیلامی کی شرائط و ضوابط:**

| نمبر شمار | تفصیل |
|---|---|
| -1 | 27.181 ملین (روپے) یہ قیمت تمام ملبہ کی ٹوٹل قیمت میں سے عمارت کو مسمار کرنے، اس جگہ کو مکمل طور پر صاف کر کے حوالگی، ملحقہ عمارت اور وارڈز کو محفوظ اور فعال رکھنے، نیز بجلی، گیس، پانی، سیوریج اور سول ورک کے حوالے سے پیش آمدہ تمام اخراجات اور آخر میں ملحقہ عمارت اور وارڈز کو مکمل طور پر محفوظ، فعال اور قابلِ استعمال حالت میں حوالگی کیلیے پیش آمدہ تمام اخراجات اور قیمت نکالنے / منہا کے بعد فائنل نیٹ ریزرو قیمت کا تخمینہ ہے۔ |
| -2 | نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات کسی بھی شیڈول بینک سے مبلغ **/-500000** روپے ضمانت بشکل کال ڈیپازٹ بنام چیف ایگزیکٹو آفیسر میو ہسپتال لاہور، نیلامی شروع ہونے سے پہلے جمع کروائیں گے۔ زر ضمانت کے بغیر کوئی کمپنی یا فرد نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہو گا۔ |
| -3 | کامیاب بولی دہندہ کو کل رقم کا 25 فیصد موقع پر جمع کروانا ہو گا۔ |
| -4 | بقایا رقم نیلامی کی تحریری منظوری ہونے کے تین یوم کے اندر اندر جمع کروانا ہو گی بصورت دیگر عدم ادائیگی جمع شدہ رقم بحق سرکار بمع ڈیپازٹ کال ضبط کر لی جائے گی۔ |
| -5 | کامیاب دہندہ کو نیلامی کی کل رقم کا 10 فیصد (فائلر کی صورت میں) اور 20 فیصد (نان فائلر کی صورت میں) بطور انکم ٹیکس اضافی ادا کرنا ہو گا یا گورنمنٹ کا جو بھی مؤثر ریٹ ہو گا۔ |
| -6 | نیلامی منظور ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ 60 یوم کے اندر عمارت کو مسمار کرنے اور ملبہ اٹھانے کا پابند ہو گا۔ بصورتِ دیگر جمع شدہ سیکورٹی کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ اور نیلامی منسوخ تصور کی جائے گی۔ |
| -7 | اس عمل کے دوران ٹھیکیدار تمام تنصیبات بجلی، پانی، گیس، سیوریج لائن اور ٹیلی فون لائن وغیرہ کی حفاظت اور فعالیت کا ذمہ دار ہو گا۔ مزید براں وہ ملحقہ عمارت / وارڈز کو مکمل طور پر فعال اور محفوظ رکھنے کے حوالے سے جو بھی اور جتنا بھی سول یا دیگر تنصیبات کے حوالے سے جتنا بھی کام ہو گا وہ کرنے کا پابند اور ذمہ دار ہو گا اور ملحقہ عمارت اور وارڈز کو مکمل فعال، تیار اور محفوظ کر کے دینے کا پابند ہو گا۔ |
| -8 | مزید معلومات و شرائط برائے نیلامی زیرِ دستخطی کے دفتر سے دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جا سکتی ہے۔ |
| -9 | مجاز افسر کو حق ہے کہ کسی بھی بولی کو وجہ بتائے بغیر منظور یا مسترد کر دے جس کے خلاف کوئی اپیل قابلِ قبول نہ ہو گی۔ |
| -10 | ٹھیکہ کی شرائط ٹینڈر فارم میں تفصیلاً موجود ہیں اور کامیاب بولی دہندہ ان تمام شرائط اور بیان حلفی کا پابند ہو گا۔ ٹینڈر فارم بعوض ادائیگی **/-10000** روپے (ناقابلِ واپسی) دفتر المونز میو ہسپتال سے دفتری اوقات کے دوران حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مورخہ 15 جنوری **2026 بروز جمعرات دن** 10:00 بجے کے بعد کوئی ٹینڈر فارم موصول نہیں کیا جائے گا۔ |
| -11 | مقررہ تاریخ نیلامی پر ہونے والی بولی منظور نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی **26 جنوری 2026 بروز پیر بوقت 11:00 بجے دن** کمیٹی روم میں ہو گی۔ جس کے لیے علیحدہ اشتہار شائع نہیں کیا جائے گا۔ |
| -12 | ہر بولی دہندہ ٹینڈر فارم کے ساتھ منسلک بیانِ حلفی 100 روپے کے اشٹام پیپر پر دینے کا پابند ہو گا۔ |

## اقرار نامہ

میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے جو بھی معلومات فراہم کی ہیں وہ سچ اور حقائق پر مبنی ہیں اور میں نے کوئی بھی معلومات چھپائی نہیں ہیں۔ مزید براں میں نے اس نیلامی کی شرائط و ضوابط اور تفصیلات پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور کامیاب بولی دہندہ ہونے کی صورت میں تمام شرائط و ضوابط کو پورا کرنے کا عہد اور حلف دیتا ہوں۔

**نام معہ ولدیت:** **شناختی کارڈ نمبر:** **دستخط بولی دہندہ**

CamScanner

CamScanner